دو عجیب جانور

اِس جانور کی تصویر دیکھیے۔

اُونٹ کی طرح لمبی گردن، لمبی لمبی ٹانگیں لیکن باقی جسم پرندوں کی طرح ہے جیسے کوئی بڑا سا مُرغا ہو۔

جی ہاں! سچ مُچ یہ جانور اُونٹ بھی ہے اور مُرغ بھی۔ اِسی لیے تو اسے شُتُرمُرغ کہتے ہیں۔ شُتُرمُرغ افریقہ کے ریگستانوں میں رہتا ہے۔ یہ دُنیا کا سب سے بڑا پرندہ ہے لیکن یہ اُڑ نہیں سکتا۔

مادہ شُترمُرغ انڈے دیتی ہے۔ اِس کے انڈے کا وَزن سوا کلوگرام ہوتا ہے۔ مادہ شُترمُرغ انڈے ریت میں دبا دیتی ہے ۔ دُھوپ کی گرمی سے بچّے نکل آتے ہیں۔

شُترمُرغ کی ٹانگیں بہُت مضبُوط ہوتی ہیں۔ اسی لیے خاصا تیز دَوڑ سکتا ہے۔ دُشمن سے مُقابلہ کرنا ہو تو اپنے ناخُنوں سے ہتھیار کا کام لیتا ہے۔ کہتے ہیں کسی آدمی نے شُترمُرغ سے پُوچھا :۔

"میاں ! تُم اُڑتے کیوں نہیں ؟"

شُترمُرغ نے جواب دیا۔

"بھلا اُونٹ بھی اُڑا کرتے ہیں۔"

اس آدمی نے کہا :۔

"پھر تُم بوجھ اُٹھایا کرو۔"

شُترمُرغ بولا :۔

"بھلا مُرغ کبھی بوجھ اُٹھایا کرتے ہیں۔"

اس عجیب جانوَر کو دیکھیے۔

اس کی اگلی ٹانگیں بہُت چھوٹی ہیں۔

پچھلی ٹانگیں لمبی لمبی اور خوب مضبوط ہیں۔
جب بیٹھتا ہے تو پچھلی ٹانگیں زمین پر بچھا لیتا ہے۔یوں نظر آتا ہے جیسے کرسی پر بیٹھا ہو۔
اس کی دُم بھی خاصی لمبی اور مضبوط ہے۔
اس جانور کو کنگرو کہتے ہیں۔
کنگرو آسٹریلیا کے جنگلوں میں ملتا ہے۔اس کی پچھلی ٹانگوں کے درمیان ایک تھیلی ہوتی ہے۔وہ اس تھیلی میں اپنے بچّے کو چھپا لیتا ہے۔تصویر میں دیکھیے۔بچّہ تھیلی میں سے سر نکال کر باہر دیکھ رہا ہے۔

کنگرو کے بچّے جنگل میں اِدھر اُدھر کھیلتے رہتے ہیں۔جب کبھی خطرہ ہو، جھٹ اپنی ماں کے پاس تھیلی میں گھس جاتے ہیں۔

دُنیا کا یہ عجیب جانور اُچھل اُچھل کر دوڑتا ہے اور سات سات میٹر لمبی چھلانگ لگا سکتا ہے۔